Press release2- 301

آزاد جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن، مظفر آباد

آزاد جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن

پریس ریلیز / شیڈول (ایم سی کیو ٹیسٹ)

آزاد جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام اوپن میرٹ کی بنیاد پر مشتہر شدہ، محکمہ خوراک کی اسسٹنٹ اکاونٹس آفیسر (بی-16) کی آسامی کے لیے بذیل شیڈول کے مطابق امیدواران سے معروضی (MCQ) ٹیسٹ لیا جانا ہے۔ جو کہ قبل ازیں مقدمہ محمد ذوالفقار بنام آزاد حکومت وغیرہ میں حکم امتناعی کے باعث ملتوی کیا گیا تھا۔

نمبر شمار	تاریخ	وقت	محکمہ	نام اسامی معہ گریڈ	اشتہار نمبر	امتحانی مرکز
	26-10-2026	11:00 تا 12:40	**خوراک**	اسسٹنٹ اکاونٹس آفیسر (بی-16)	2/2017	دفتر پبلک سروس کمیشن مظفر آباد

1- امتحان شروع ہونے سے آدھ گھنٹہ قبل ہمراہ اصل کال لیٹر اور شناختی کارڈ امتحانی سینٹر میں رپورٹ کرنا ہوگی اور جملہ قواعد وضوابط کی پابندی کرنا ہوگی بصورت دیگر امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

2- دوران امتحان تحریری مواد، کیلکولیٹر، موبائل فون، کارڈلیس ٹیلیفون، ایسی گھڑی جس میں کیلکولیٹر ہو اور ایسے یاداشتی آلہ جات امتحانی ہال / کمرہ جات میں لانا سختی سے منع ہے۔ اگر کسی امیدوار سے ایسا کوئی مواد برآمد ہوا تو اس امیدوار کا پرچہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

3- امیدواران کے کال لیٹرز کمیشن کی ویب سائٹ "www.ajkpsc.gov.pk" پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں۔ امیدواران اپنے شناختی کارڈ نمبر کا اندراج کرتے ہوئے کال لیٹر ڈاؤن لوڈ کریں، نیز کال لیٹر بذریعہ ڈاک، امیدواران کے ایڈریس پر بھی ارسال کیے جارہے ہیں۔ امیدواران کو کال لیٹر موصول نہ ہو، یا اگر فہرست میں نام موجود نہ ہو، تو ایسی صورت میں Orginal فیس چالان کے ہمراہ شامل امتحان ہو سکتے ہیں۔

4- معروضی حالات کے پیش نظر، امیدواران کی آگاہی کے لئے شیڈول اخبارات میں بھی شائع کیا جارہا ہے اور امیدواران کی جانب سے فراہم کردہ ٹیلی فون نمبرات پر بذریعہ SMS بھی مطلع کیا جارہا ہے۔ اس کے باوجود کسی دشواری کی صورت میں امیدواران پبلک سروس کمیشن کے بذیل نمبرات پر معلومات کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔

05822-920214,920452,920201

نوٹ: آسامی متذکرہ کا MCQs ٹیسٹ، مطابق شیڈول، یکم و 19 اکتوبر 2026 کو ہونا تھا، مقدمہ متذکرہ میں حکم امتناعی کے باعث ملتوی کیا گیا تھا۔ اب معزز عدالت نے حکم امتناعی خارج کر دیا ہے اور صرف MCQs ٹیسٹ کی حد تک اجازت دی ہے۔ بدیں وجہ امیدواران قبل ازیں جاری شدہ کال لیٹرز اور رول نمبرز کے مطابق ہی مورخہ 26-10-2026 کو ٹیسٹ میں شامل ہو سکتے ہیں۔

اسسٹنٹ ڈائریکٹر (امتحانات)

نمبر پی ایس سی / انتظامیہ 74-11965 مورخہ: 20 اکتوبر 2026

نقل بالا بخدمت:-